Tri-pack

# اطلاع برائے 32واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذٰا مطلع کیا جاتا ہے کہ ٹرائی پیک فلمز لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا 32 واں سالانہ اجلاس بروز منگل 23 اپریل 2024 بوقت 10:30 بجے صبح بمقام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینیو، بلاک-8، کلفٹن، کراچی اور ورچوئل بذریعہ زوم (ویڈیو) میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہو گا۔

**عمومی امور**

1- کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 10 اپریل 2023 کی کارروائی کی توثیق۔

2- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے مع ڈائریکٹرز کی رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2023 وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کو اختیار کرنا۔

https://www.tripack.com.pk/financial-reports/

3- کمپنی کے عمومی شیئرز پر ڈیویڈنڈ پر غور کرنا، منظوری دینا اور اعلان کرنا۔ ڈائریکٹرز نے نقد منافع منقسمہ کی 60 فیصد (6 روپے فی 10 روپے والے شیئر پر) برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2023 کی سفارش کی ہے۔

4- رواں سال کے لئے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے اہل ہونے کی بنا پر بطور آڈیٹر تقرر کے لئے رضامندی ظاہر کی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کے تقرر کی سفارش کی ہے۔

**دیگر امور**

1- صدرِ مجلس کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

اقرا سجاد
کمپنی سیکرٹری

02 اپریل، 2024
کراچی

**AGM کی کارروائی میں ورچوئل طور پر شرکت**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے وقتاً فوقتاً جاری کردہ سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے سالانہ اجلاس فزیکل میٹنگ کی ضروریات کے علاوہ ورچوئل طور پر بھی منعقد کریں۔ کمپنی کی جانب سے شیئر ہولڈرز کو AGM میں شرکت کے لئے مزید سہولت فراہم کرنے کی غرض سے درج ذیل انتظامات کئے ہیں۔ AGM میں ورچوئل طور پر شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کوائف مقررہ ای میل ایڈریس **shares.desk@tripack.com.pk** پر بھیج کر خود کو رجسٹر کروالیں جن میں ان کا نام، فولیو نمبر، اپنا ای میل ایڈریس ہو، مورخہ 19 اپریل 2024 تک کاروباری اوقات کے اختتام تک مل جانے چاہئیں۔ AGM میں شرکت کے لئے لاگ اِن اور لنک کی تفصیلات رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے فراہم کر دی جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ 19 اپریل 2024 تک مذکورہ ای میل ایڈریس پر AGM کے ایجنڈا آئیٹمز سے متعلق اپنے تبصرے / تجاویز بھیجیں۔

**تصریحات:**

1- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 اور 2023/(1)SRO 389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے

لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ، ڈائریکٹرز، آڈیٹرز اور چیئرمین رپورٹ کے ساتھ ، سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع اور دیگر متعلقہ مواد کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اور بذریعہ QR کوڈ اشتراک کے لئے شائع کر دیا گیا ہے۔

کمپنی نے اپنی ایک جنرل میٹنگ میں ایسا کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کی ہے۔ مزید برآں ، ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223(6) اور 473 کے مطابق ، جس کے تحت ای میل کے ذریعے الیکٹرانک فارمیٹ میں آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور اجلاس کی اطلاع کی گردش کی اجازت دی گئی ہے۔ یہ ای میل کے ذریعے اُن ممبرز کو بھیجا گیا ہے جن کی جانب سے کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کیا گیا ہے اور اس لیے ای میل کے ذریعے کاپیاں وصول کرنے کے لیے ممبرز کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے۔

ممبرز اس کی ہارڈ کاپی کی درخواست کر سکتے ہیں، جو ایک ہفتے کے اندر مفت فراہم کی جائے گی، اگر ممبر کی جانب سے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم پر درخواست کی گئی ہو۔

2- کمپنی کی شیئرٹرانسفر بکس حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے سلسلے میں اہلیت کا تعین کرنے کے لئے 17 اپریل ، 2024بروز بدھ سے 23 اپریل ، 2024 بروز منگل(بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے رجسٹرار میسرز فیمکو شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ،F-8 متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک- 6،پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں 16اپریل 2024 بروز منگل کو کاروباری اوقات کے اختتام تک وصول ہونے والی ٹرانسفر کی درخواستیں ٹرانسفریز کی اہلیت کے لئے بروقت تصور ہوں گی۔

3- کوئی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کوشرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ دفترواقع چوتھی منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر422-416، G-20، بلاک -9،خیابان جامی، کلفٹن، کراچی کے پتے پر اجلاس کےوقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانی ہوگی ۔

4- فزیکل شیئر کے حامل شیئر ہولڈرز کو اپنا اصل سی این آئی سی اور یا شیئرہولڈر(ز) کے سی این آئی سی کی کاپی ،جن کی پراکسی کے حامل ہیں، ساتھ لانا ہوگی ۔ سی این آئی سی کے بغیر شیئرہولڈرز کو AGM میں شرکت کرنے اور یا شیئر ہولڈرز ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

5- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز ، جن کے رجسٹریشن کی تفصیلات شیئر بک تفصیلات رپورٹ میں دستیاب ہیں، ان کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا متعلقہ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو اپنا متعلقہ شرکت کا آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، اور پراکسی ہونے کی صورت میں اپنے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ممبر(ز) کے نمائندہ ہونے کی صورت میں بورڈ کی قرارداد پاور آف اٹارنی اور یا ایسی تمام دستاویز ساتھ لانا ہوں گی جو سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ( ایس ای سی پی ) کے سرکلر نمبر1مجریہ 26جنوری2000 کے تحت اس مقصد کےلئے درکار ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔
**www.tripack.com.pk**

**اے جی ایم میں قانونی ضابطہ اخلاق**

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ2017کے سیکشن215اور کمپنیز(جنرل پروویژن اینڈ فارمز) ریگولیشنز2018 کے ریگولیشن 28کے مطابق اے جی ایم میں قانونی ضابطہ اخلاق کی پابندی کریں، جب کہ شیئر ہولڈرز کو اثرو رسوخ پر زور دینے یا فیصلوں کے لئے براہ راست انتظامیہ تک پہنچنے کی اجازت نہیں ہوگی جو انتظامیہ کےلئے امور کی ہموار انجام دہی میں رکاوٹ کا سبب بن سکتے ہیں۔ جیسا کہ ان پروویژنز میں درج ہے، شیئر ہولڈرز کوئی ایسا سامان اپنے ساتھ نہیں لائیں گے جو شرکاء یا AGM کے منعقد ہونے کی حدود میں کسی خطرے کا باعث ہو، اور خود کوAGMکے نوٹس میں شامل ایجنڈا تک محدود رکھیں گے اور نہ ہی ایسا رویہ اختیار کریں گے جو کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرتا ہو۔ اس کے علاوہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185کی رو سے کمپنی کو اپنے اجلاسوں میں شیئر ہولڈرز کوکسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے اجازت نہیں ہے۔

**ڈیویڈنڈ انکم پر ودھ ہولڈنگ ٹیکس**

الف. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق ، ادا کردہ ڈیویڈنڈ پر ودھ ہولڈنگ ٹیکس ' فائلر' اور ' نان فائلر' شیئرہولڈرز کے لئے بالترتیب 15

اور 30 فیصد پر کٹوتی ہوگی۔ تمام ممبرز/ شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلرز ہیں،انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اُن کے نام کارآمد CNIC/NTNs (نیشنل ٹیکس نمبرز) کے ساتھ 16 اپریل ،2024 سے پہلے ATL میں درج ہوں؛ تاکہ کمپنی کے لئے کیش ڈیویڈنڈ پر مطلوبہ ٹیکس کی کٹوتی کرنا ممکن ہو۔ اسی مناسبت سے، شیئر ہولڈرز کو یہ مشورہ بھی دیا جات ہے کہ وہ FBR کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk/ پر دستیاب ATL میں اپنی مطلقہ حیثیت کو چیک کریں اور یقینی بنائیں اور ساتھ ہی یہ بھی یقینی بنائیں کہ ان کا CNIC/Passport نمبر پارٹیسپینٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ) کے ذریعے ریکارڈ کیا گیا ہے۔

ب. FBR کے مطابق جوائنٹ شیئر ہولڈرز اکاؤنٹس کی صورت میں ودھ ہولڈنگ ٹیکس کا تعین الگ سے پرنسپل شیئرہولڈر کے ' فائلر/ نان فائلر' ہونے کی حیثیت اور ساتھ ساتھ جوائنٹ ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے مطابق حیثیت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ دوسرے شیئر ہولڈرز کے ساتھ مشترکہ طور پر شیئرز رکھنے والے ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ تحریری طور پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر ز کے شیئر ہولڈنگ کا تناسب کمپنی کے شیئر رجسٹرار ، میسرز فیمکو شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ اگر 16 اپریل ، 2024 تک کمپنی کے رجسٹرار کو مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی گی تو یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئرز پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے برابر تناسب میں رکھے گئے ہیں۔

ج. ڈیویڈنڈ انکم سے ودھ ہولڈنگ ٹیکس سے استثنٰی کی اجازت صرف اس صورت میں دی جائے گی جب 16 اپریل ، 2024 تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنٰی کے سرٹیفیکیٹ کی کاپی دستیاب کردی جائے۔

د. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 82 برائے رہائشی کی حیثیت کے تعین کی تعریف کے تحت، ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی کے لیے غیر رہائشی شیئر ہولڈرز کو انڈرٹیکنگ کی ڈیکلریشن مع کارآمد پاسپورٹ کی کاپی، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس 16 اپریل، 2024 سے پہلے جمع کرانا ہوگی۔ ممبرز درج ذیل رجسٹرار اور کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود مقررہ فارمیٹ استعمال کرتے ہوئے ڈیکلریشن بھیج سکتے ہیں:

www.famcorsrs.com & www.tripack.com.pk

**زکوٰۃ کی کٹوتی**

زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثنٰی کا دعویٰ کرنے کے لیے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ NJSP پر زکوٰۃ اعلامیہ فارم CZ-50 کی 50/- روپے کی ایک نوٹرائز ڈکاپی شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔ اگر شیئرز اسکرپ لیس فارم میں رکھے گئے ہیں تو اس طرح کے زکوٰۃ اعلامیہ فارم (CZ-50) کو شیئر ہولڈر کے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں، ان کے شریک / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے اپ لوڈ کیا جانا چاہیے۔ مزید برآں، غیر مسلم شیئر ہولڈرزکے لئے بھی لازمی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس (کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب فارمیٹ پر) شیئرز کے فزیکل سرٹیفکیٹ میں یا سی ڈی سی کے شراکت دار انویسٹر اکاؤنٹ کی خدمات کے پاس اسکرپ لیس فارم کی صورت میں شیئرز ہونے کی تصدیق کریں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے اس وقت تک کوئی رعایت نہیں دی جائے گی جب تک کہ مندرجہ بالا تمام دستاویزات مکمل طور پر جمع نہ کر دی جائیں۔

**کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک ذریعہ سے ادائیگی (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے حقدار شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہِ راست اُن کے نامزد کردہ بینک اکائونٹ میں نقد ڈیویڈنڈ ادا کریں۔ براہِ راست اُن کے بینک اکائونٹ میں ڈیویڈنڈوصول کرنے کے لئے۔

مزید برآں ، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز، 2017 کے مطابق، شیئرہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا CNIC نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکائونٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار (اگر شیئرفریکل فارم میں رکھے گئے ہیں) کو اُن کے اوپر دیئے گئے دفتری پتے یا متعلقہ پارٹیسپینٹس/ بروکر (اگر شیئرز CDS اکائونٹ کے ذریعے رکھے گئے ہیں) کو فراہم کریں، اگر اب تک ایسا نہیں کیا گیا ہے۔ معلومات نا ملنے کی صورت میں، کمپنی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

**غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ شیئرز**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت ، کمپنی کو چاہیے کہ وہ شیئر ہولڈرز سے رجوع کرے تاکہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ شیئرز کا دعویٰ کریں۔

اِس سلسلے میں کمپنی انفرادی خطوط بھیجنے کے بعد اخبارات میں نوٹس شائع کر کے اپنے شیئر ہولڈرز سے رابطہ میں ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز، جنھوں نے ابھی تک اپنے ڈیویڈنڈ کی رقم کا دعویٰ نہیں کیاہے، اُن سے ایک بار پھر اس بات کو یقینی بنانے کی درخواست کی جاتی ہے کہ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کی رقم اور / یا شیئرز سرٹیفکیٹ کے لئے فوری طور پر دعویٰ درج کریں۔

**کارآمد سی این آئی سی اور / یا این ٹی این کی کاپی جمع کرانا (لازمی)**

ایس ای سی پی کی ہدایات کے علاوہ، بشمول SRO 831(1)/2012 اور دیگر متعلقہ قواعد، الیکٹرانک ڈیویڈنڈ کی پروسیسنگ کے لیے ، شیئر ہولڈر کو CNIC نمبر فراہم کرنا چاہیے ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز۔

کمپنیز(ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز2017 کے ریگولیشن6 اور کمپنیز ایکٹ2017 کے سیکشن 243(3) کی رو سے، کمپنی ان شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لے گی جن شیئر ہولڈرز یا مجاز فرد کے شناختی نمبر(سی این آئی سی یا این ٹی این) نمبر دستیاب نہیں ہوں گے۔

اسی طرح جن انفرادی ممبرز نے اپنے کارآمد سی این آئی سی کی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کرائی ہے، ان سے ایک مرتبہ پھر گزارش ہے کہ وہ اپنے سی این آئی سی کی کاپی جلد اس جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ،8-F متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6،پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو براہ راست بھیج دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) اور فولیو نمبر مع مجاز نمائندے کے سی این آئی سی کی کاپی فراہم کریں۔

**تفصیلات کی تبدیلی (پوسٹل / ای میل ایڈریس اور IBAN وغیرہ)**

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئرز ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کوفوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مطلع کریں جبکہ CDC اکائونٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی، اپنے پتے کو فوری بنیاد پر CDC پارٹسیپنٹ / CDC انویسٹر اکائونٹ سروسز کے ساتھ اپ ڈیٹ کریں۔

**فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ،2017 کے سیکشن 72 کے مطابق،ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرے جیسا کہ بیان کیا ہے اور SECP کی مطلع کردہ تاریخ سے کمپنی نے اپنے شیئر ہولڈرز سے،جن کے پاس فزیکل شیئر ہولڈنگ ہے،اخباری نوٹس کے ذریعے درخواست کی ہے۔شیئر ہولڈرز کی ایک بار پھر حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ میں براہِ راست CDC کے ساتھ اکاؤنٹ کو کھولیں جس میں وہ اپنے فزیکل شیئرز کوسکرپ لیس فارم میں تبدیل کراسکتے ہیں،یہ بہت سے طریقوں سے فائدہ مند ہے،بشمول شیئرز کی محفوظ تحویل اور جب چاہیں ان کی فروخت،کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکس چینج کے موجودہ ضوابط کے تحت فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

**پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ**

کمپنیز(پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز،2018کے مطابق،ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے اور کمپنیز ایکٹ،2017کے سیکشن143اور144کے تقاضوں سے مشروط کسی دوسرے ایجنڈا کے لیے مجموعی طور پر٪10یا اس سے زیادہ کے حامل ممبرز قانون کے مطابق شیئر ہولڈنگ کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی،مذکورہ ضابطوں میں موجود شرائط کے ساتھ۔